# "اسلام"

## اسلام سے کیا مراد ہے؟ اسلام کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

اسلام کے معنی اور مفہوم کے ساتھ ساتھ اسلام کی نمایاں خصوصیات کو ذیل میں پیش کیا جاتا ہے۔

No need for this detailed outline
for a 20 marks answer

### اہم نکات:

**(I)** تعارف

(1) اسلام کا لفظی معنیٰ

(2) اسلام کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم

(3) اسلام اور قرآنِ پاک

**(II)** نمایاں خصوصیات:

(1) حقیقی معرفتِ الٰہی کا حامل دین

(2) آسان دین

(3) شرک کی نفی پر مبنی دین

(4) حقیقی روحانیت پر مبنی دین

(5) اخلاقِ حسنہ کا جامع دین

(6) اشاعتِ علم کا حامل دین

(7) عملی دین

(8) عقل و فطرت پر مبنی دین

(9) اخوت کا حامل دین

(10) انسانیت کو بلندی پر پہنچانے والا دین

(11) احترامِ انسانیت کا حامل دین

(12) تعصب سے پاک دین

(13) محبت تقسیم کرنے والا دین

(14) عالمگیر دین

(15) مساوات کا حامل دین

(16) قومیت سے بالاتر دین

(17) معاشرتی انصاف کا حامل دین

(18) آزادی کی ضمانت کرنے والا دین

(19) مکمل اور [illegible] کتاب کا حامل دین

(20) لچکدار دین

III خلاصہ بحث

## I تعارف:

اسلام انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کے لیے مکمل ہدایت فراہم کرتا ہے۔ اسلام چند رسومات کا مجموعہ نہیں بلکہ انسان کو زندگی کے ہر معاملے میں مدد فراہم کرتا ہے انسان کی زندگی کے ساتھ ساتھ اس کی آخرت کو بہتر بنانے کے لیے بھی مکمل ہے۔
ضرورت اس امر کی ہے کہ اسلام کی درست تعلیمات کو عام کیا جائے۔ اس کے متعلق غلط عقائد کو جو اسلاموفوبیا کا باعث ہیں ان کو اسلام کی روشنی میں دور کیا جائے (غلط ثابت کرکے ختم کیا جائے)

## اسلام کا لغوی معنیٰ:

اسلام کا لغوی معنیٰ "امن و سلامتی" کے ہیں۔ اسلام ہر طرح سے امن و سلامتی کا درس دیتا ہے

## اسلام کا لغوی اور اصطلاحی معنی و مفہوم:

اسلام کا لغوی معنی اطاعت اور مکمل سپردگی کے ہیں۔ اصطلاحی اعتبار سے اسلام سے مراد ان تمام احکامات دل سے تسلیم کرنا جو آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے پاس سے لے کر آئے اور ان پر عمل کرنا۔

## اسلام اور قرآن:

قرآن پاک میں بہت سے مقامات پر اسلام کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

*Try to add the Arabic of quranic ayats*

ارشادِ باری ہے

ترجمہ: "دین اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے۔"

(آلِ عمران ۱۹)

مزید یہ کہ

ترجمہ:

"جو شخص اسلام کے سوا کوئی اور دین کو چاہے گا تو وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گا۔"

(آلِ عمران : 85)

## (II) اسلام کی نمایاں خصوصیات:

### (1) معرفتِ الٰہی کا حامل دین:

اسلام معرفت

Date: __/__/20__

MON TUE WED THS FRI SAT

الٰہی کا حامل دین ہے۔ اسلام اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کو بہت خوبصورت اور احسن انداز میں بیان کرتا ہے۔ تمام انبیاء کرام علیہ اسلام نے وحدتِ الٰہی کا ہی درس دیا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ:

"اور ہم نے آپ سے پہلے جو بھی رسول بھیجا اس کو یہی وحی کی کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور صرف اللہ ہی کی عبادت کرو"

(الانبیاء: 25)

## (2) آسان دین:

اسلام ایک آسان دین ہے۔ اس میں کسی قسم کی پیچیدگی نہیں۔ یہ کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اس کائنات کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور اپنے حکیمانہ انداز میں اس کو چلا رہا ہے۔

## (3) شرک کی نفی پر مبنی دین:

اسلام شرک کی تمام صورتوں کی نفی کرتا ہے۔ اسلام یہ بتاتا ہے کہ یہ ساری کائنات انسان کے لیے بنائی گئی ہے۔ نہ کہ اس لیے کہ انسان ان کی عبادت کرے۔

ترجمہ:

"شرک بہت بڑا ظلم ہے۔"

(لقمان: 19)

Date:___/___/20___ MON TUE WED THS FRI SAT

(4) حقیقی روحانیت کا حامل دین:

اسلام انسان کو حقیقی روحانیت فراہم کرتا ہے۔ انسان روح اور جسم کا مجموعہ ہے۔ اسلام ہمیں برائی سے باز رہنے کی ہدایت دیتا ہے جیسے زنا، چوری وغیرہ اور اچھی باتوں کا حکم دیتا ہے جیسے نماز، روزہ، وغیرہ اس طرح انسان کی روحانی ضروریات بھی پوری ہوتی ہیں۔

(5) اخلاقِ حسنہ کا جامع دین:

اسلام ہمیں بتاتا ہے کہ اچھے اخلاق کن چیز سے پیدا ہوتے ہیں۔

۱) صبر:

قرآن پاک میں 90 مقامات پر صبر کا حکم ہوا ہے۔ امام احمد بن حنبل رح فرماتے ہیں

ترجمہ:

"نصف ایمان صبر ہے اور نصف ایمان شکر ہے۔"

شجاعت:

شجاعت ظلم کے خلاف لڑنے کے لیے اہم ترین ہے۔

ترجمہ:

"پہلوان وہ نہیں جو کسی کو پچھاڑ دے پہلوان وہ ہے جو غصہ میں خود کو قابو میں رکھے۔"

(ابو داؤد)

## (۵) اشاعتِ علم کا حامل دین:

اسلام نے اس وقت اشاعتِ علم کی اہمیت کو اجاگر کیا جب پوری دنیا جہالت میں ڈوبی ہوئی تھی۔ ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا تھا۔ آج سائنس اس علم کی اہمیت کو جان چکی ہے جو آج سے چودہ سو سال پہلے آپ ﷺ نے بیان فرمادی تھی۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

ترجمہ:

اللہ درجات بلند فرماتا ہے ان کے جو ایمان لائے اور ان کے جن کو علم دیا گیا ہے۔ (المجادلہ: ۱۱)

One reference is enough for a single argument

فرمایا:

ترجمہ:

پڑھو اپنے رب کے نام سے جس نے انسان کو پیدا کیا۔

(العلق: 1)

## (٦) علم کے ساتھ عملی دین:

اسلام میں جو ہدایات کی گئی ہیں ان پر عمل کر کے بھی دکھایا گیا ہے۔ کسی کا عمل ضائع نہیں کیا جاتا۔

ترجمہ:

"انسان کے لیے وہی ہے جس کی اس نے کوشش کی اور بے شک اپنی کوشش کو ضرور دیکھے گا"

(النجم: 39-40)

Date:___/___/20___

MON TUE WED THS FRI SAT

## (8) اخوت کا حامل دین:

اسلام نے اخوت کی جو مثال قائم کی اس سے بڑھ کر کوئی اور مثال نہیں ملتی۔ مدینہ میں ہجرت کے بعد آپ ﷺ نے سب کو اخوت کی عملی مثال قائم کر کے دیکھا دیں (صحابہؓ) مہاجرین کو انصار کا بھائی بھائی بنایا۔ بقول اقبال

اخوت اس کو کہتے ہیں چبھے کانٹا جو کابل میں
ہندوستان کا ہر پیر و جواں بے تاب ہو جائے

## (9) انسانیت کو بلندی پر لے جانے والا دین:

اسلام احترام انسانیت کا درس دیتا ہے۔ اسلام نے انسانوں کو پستی سے نکال کر عزت عطا کی۔ اللہ تعالیٰ کی پہچان کروائی اور انسانیت کو اس کے نقطۂ عروج تک پہنچایا۔

آیت کا مفہوم:

" آپ فرما دے کہ آپ سے پہلے جس کو بھی رسول بنا کر بھیجا گیا وہ انسان ہی تھے اور ہم ان کی طرف وحی کرتے تھے۔
(الانبیاء : 7)

## (10) تعصب سے پاک دین:

اسلام تعصب سے پاک دین ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

Date: ___/___/20___ MON TUE WED THU FRI SAT

First add description of around 5 lines and then add reference

ترجمہ: "اور ہم اس کے رسولوں میں ایمان لانے میں باہم فرق نہیں کرتے"

(البقرہ: 285)

## (11) عالمگیر دین:

اسلام کسی خاص علاقہ یا وقت کے لیے نہیں بلکہ یہ ایک عالمگیر دین ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ: "آپ فرما دیجئے کہ میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول بن کر آیا ہوں"

(الاعراف: 189)

تا قیامت ہدایت کا سر چشمہ صرف اور صرف اسلام اور قرآن ہی ہے۔

## (12) مساوات کا حامل دین:

اسلام ہر طرح کے تعصب سے پاک ہے۔ یہ مساوات کا درس دیتا ہے اس نے قومیت کا خاتمہ کیا اور بتایا کہ سب مسلمان ایک ہی ہیں۔

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا نہ کوئی بندہ نواز

اسلام رنگ، نسل، ذات پات، ہر طرح کے

تعصب کو ختم کرتا ہے اور مساوات کا درس دیتا ہے۔

**ارشادات:**

مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔

(بخاری و مسلم)

کسی گورے کو کسی کالے پر کوئی برتری نہیں سوائے تقویٰ کے۔

(خطبہ حجۃ الوداع)

ہم نے آدم کو مٹی سے بنایا پھر ایک حقیر پانی سے اس کی نسل کو چلایا۔

(السجدہ: 7-8)

## (13) فساد کی ممانعت پر مبنی دین:

اسلام امن کا درس دیتا ہے اور فساد کی ممانعت کرتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

ترجمہ

"جس نے کسی ایک جان کو ناحق قتل کیا اس نے پوری انسانیت کو قتل کیا۔"

(المائدہ: 32)

اسلام معاشرہ میں انصاف کو قائم کرتا ہے۔ اسلام معاشرہ سے برائیوں کو ختم کرتا ہے اور اچھائی کو پروان چڑھاتا ہے۔

Date:___/___/20___

MON TUE WED THS FRI SAT

## مکمل اور سچی کتاب کا حامل دین: (iv)

اسلام اول

مکمل اور سچی کتاب کا حامل دین ہے۔ اس کتاب کو قرآن پاک کہتے ہیں جس کا تعارف اس طرح کروایا گیا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ:

"یہ وہ کتاب ہے جس کے کتاب الٰہی ہونے میں کوئی شک نہیں۔"

(البقرہ: 2)

## خلاصہ بحث: (III)

اسلام ایک مکمل اور جامع دین ہے جو ہر طرح کی ہدایت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ اس بات کی بھی تصدیق کرتا ہے کہ انسان کے لیے دنیا اور آخرت دونوں میں فلاح ہے۔ اسلام ایک مکمل دین ہے مذہب نہیں یہ عالمگیر ہے۔ تاقیامت ہدایت فراہم کرنے کے لیے کافی ہے۔ انسان کے پاس اس کے سوا کوئی راستہ نہیں ہے۔

12

Good answer

02: 40

Reduce the time

12:41 — 01:40 = 1hr